NYC Public Schools | Panel for Educational Policy

/nycschools
schools.nyc.gov/PEP

# پینل اجلاس عمومی جائزہ: تعلیمی سال 2025- 2026

**اجلاس کی معلومات اور کیلنڈر**

تمام اجلاس شام 6:00 بجے (مشرقی وقت) شروع ہونگے اور انٹرنیٹ پر براہ راست نشر کیے جائیں گے ۔(یہاں دیکھیں)۔ ہر ماہ کے اجلاس کے بارے میں اضافی معلومات ویب سائٹ پر یہاں دیکھی جاسکتی ہے: PEP - پینل اجلاس شیڈول۔ پینل اجلاسوں کے لیے ترجمانی کی خدمات **ہمیشہ** فراہم کی جائیں گی۔ اگر آپکو فراہم کردہ زبانوں کے علاوہ کسی اور زبان میں خدمات درکار ہیں تو برائے مہربانی ہم سے panel@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

| اجلاس کی نوعیت | اجلاس کی تاریخ |
|---|---|
| ماہانہ اجلاس - جولائی | **23 جولائی 2025** |
| ماہانہ اجلاس - اگست | **27 اگست 2025** |
| ماہانہ اجلاس - ستمبر | **25 ستمبر، 2025** |
| ماہانہ اجلاس - اکتوبر | **29 اکتوبر، 2025** |
| ماہانہ اجلاس - نومبر | **19 نومبر، 2025** |
| اسکول کی جگہ کے استعمال پر اجلاس | **3 دسمبر 2025** |
| ماہانہ اجلاس - دسمبر | **17 دسمبر 2025** |
| ماہانہ اجلاس - جنوری | **28 جنوری، 2026** |
| اسکول کی جگہ کے استعمال پر اجلاس | **11 فروری، 2026** |
| ماہانہ اجلاس - فروری | **25 فروری، 2026** |
| ماہانہ اجلاس - مارچ | **25 مارچ، 2026** |
| اسکول کی جگہ کے استعمال پر اجلاس | **15 اپریل، 2026** |
| ماہانہ اجلاس - اپریل | **29 اپریل، 2026** |
| اسکول کی جگہ کے استعمال پر اجلاس | **6 مئی، 2026** |
| ماہانہ اجلاس - مئی | **20 مئی، 2026** |
| ماہانہ اجلاس - جون | **17 جون 2026** |

**عوامی آراء میں شرکت**

پینل اجلاس میں دو مختلف اقسام کی خود موجودگی (اِن پرسن) میں عوامی آراء ہوتی ہیں: عوامی تبصرہ اور آزادانہ تبصرہ۔ **عوامی تبصرہ** ایجنڈا کی ہر اس شق پر ہوتا ہے جس پر پینل ووٹ ڈالے گا جیسے معاہدے، اسکول کی جگہ کے استعمال کی تجاویز، یا چانسلر کے ضابطے۔ وہ عوامی ممبران جو بولنے کے لیے سائن اپ کریں گے انہیں اجلاس کے موزوں حصے (حصوں) کے دوران بولنے کے لیے ڈھائی منٹ (2:30) تک ملیں گے۔ **آزادانہ تبصرہ** عام طور پر اجلاس کے آخر میں ہوتا ہے، جب ایجنڈا کی تمام شقوں پر ووٹ ڈالے جا چکے ہوتے ہیں۔ **آزادانہ تبصرہ** خاص طور پر عوامی اراکین کو کسی بھی دلچسپی کے موضوع پر دو منٹ (2:00) تک بولنے کا موقع دینے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ خود موجودگی میں تبصرے کے علاوہ، عوامی اراکین براہ راست تحریری عوامی تبصرے پورے پینل کو کسی بھی وقت جمع کروا سکتے ہیں۔

**عوامی آراء کے لیے سائن اپ**

عوامی تبصرے یا آزادانہ تبصرے کے دوران کوئی بھی خود موجودگی میں آراء فراہم کرنے کے لیے سائن اپ کرسکتا ہے۔ مقررین کے لیے سائن اپ شام 5:30 سے 6:15 (مشرقی وقت) تک، میزبان اسکول کے دروازے پر اور ورچوئلی پینل کی ویب سائٹ دونوں پر کھلا رہے گا۔ مقررین صرف عوامی تبصرے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں اور صرف ان ہی لوگوں کو مناسب وقفے (وقفوں) کے دوران خطاب کرنے کے لیے بلایا جائے گا جنہوں نے سائن اپ کیا تھا۔ وہ افراد جو عوامی تبصروں کے دوران مخصوص ووٹنگ شقوں پر بات کرنا چاہتے ہیں، انہیں اجلاس کے متعلقہ حصے کے دوران ڈھائی منٹ (2:30) دیے جائیں گے۔ اس اثنا میں، جو افراد آزادانہ تبصرے کے دوران بولنا چاہتے ہیں انہیں اجلاس کے اس حصے کے دوران دو منٹ (2:00) تک دیے جائیں گے۔